Maulana Azad National Urdu University

M.A. History, I Semester Examination - December - 2018

Paper : MAHS102CCT : Medieval India : Political & Administrative Institutions

Time : 3 hrs — Marks : 70

640

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ (10 x 1 = 10 Marks)
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ (5 x 6 = 30 Marks)
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ (3 x 10 = 30 Marks)

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) طبقات ناصری اور تاریخ مبارک شاہی کے مصنفوں کا نام بتائیں۔

(ii) اکبر کے دور کی کم از کم دو مشہور فارسی ماخذ کا نام اس کے مصنف کے نام کے ساتھ لکھیے۔

(iii) تنکہ کسے کہتے ہیں۔

(iv) دہلی سلطنت کے اس سلطان کا نام بتائیں جس نے تخت نشین ہونے کے بعد قرض معافی کا اعلان کیا تھا۔

(v) الیاس شاہی خاندان ہندوستان کے کس علاقے میں حکومت کر رہے تھے۔

(vi) بیرم خان اکبر کے دور میں کس عہدے پر فائز تھا۔

(vii) دہلی سلطنت میں ارض ممالک کس محکمہ کا ذمہ دار ہوتا تھا۔

(viii) منصب داری نظام میں منصب کو کن دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

(ix) مغل شاہزادی جہاں آرا کس بادشاہ کی بیٹی تھی۔

(x) مراٹھا حکمراں شیواجی کس مغل بادشاہ کے دور میں حکومت کر رہا تھا۔

حصہ دوم

(2) ضیاءالدین برنی کی تاریخ نگاری پر ایک مختصر نوٹ لکھیں۔

P.T.O

(3) مغل دور میں بادشاہوں اور شاہی خاندان کے افراد کے ذریعہ لکھی گئی کتابوں کی تاریخی اہمیت کا جائزہ لیں۔

(4) بلبن کے نظریہ شاہی پر ایک نوٹ تحریر کریں۔

(5) علاءالدین خلجی کے مارکٹ کنٹرول (Market Control) پر ایک مختصر نوٹ لکھیں۔

(6) منصب داری نظام پر مختصر نوٹ لکھیں۔

(7) علاقائی سلطنت گجرات پر ایک نوٹ لکھیں۔

(8) پہلی جنگ پانی پت میں بابر کی جیت کی وجوہات پر روشنی ڈالیں۔

(9) مغل دور کے انتظامیہ کو بیان کریں۔

حصہ سوم

(10) التمش دہلی سلطنت کا اصل بانی تھا۔ تجزیہ کریں۔

(11) ابوالفضل اور اس کی تاریخ نگاری پر ایک تفصیلی گفتگو کریں۔

(12) محمد بن تغلق کے ذریعہ دارالسلطنت کی منتقلی پر ایک وضاحتی نوٹ تحریر کریں۔

(13) اکبر کے مذہبی نظریات کو بیان کریں۔

(14) مغل حکومت کے زوال کے وجوہات کو بیان کریں۔

☆☆☆